1۔ علم کے فائدے　2۔ صبح کی سیر　3۔ تندرستی　4۔ ہمارا اسکول　5۔ برسات کا موسم

6۔ اپنا پسندیدہ شاعر　7۔ دیوالی کا تہوار　8۔ عید کا تہوار　9۔ کسی میچ کا آنکھوں دیکھا حال　10۔ جہیز کی لعنت

11۔ موبائل کے فائدے اور نقصانات　12۔ بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ　13۔ تعلیمی دور　14۔ صفائی

5۔ درخواستیں:

1۔ درخواست برائے رخصت بوجہ بیماری　2۔ درخواست برائے فیس معافی　3۔ درخواست برائے جرمانہ معافی

4۔ درخواست اسکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ لینے کے لیئے　5۔ درخواست محلّہ کی صفائی کے لیئے　6۔ درخواست برائے رخصت بوجہ شادی

7۔ ڈاکیہ کی شکایت کے لیئے　8۔ سائیکل گم ہو جانے پر درخواست

6۔ خط:

1۔ والد کے نام امتحان کے بارے میں　2۔ والد کے نام اپنی صحت کے بارے میں

3۔ دوست کے نام خط گرمی کی چھٹیوں کے بارے میں　4۔ والد کے نام خط روپے منگوانے کے لیئے

5۔ چھوٹی بہن کے نام پڑھائی میں توجہ دلانے کے لیئے　6۔ خط چھوٹے بھائی کے نام کھیل کود میں حصہ لینے کے بارے میں

7۔ خط چچا کے نام تحفہ پہنچانے کے لیئے شکریہ ادا کرنے کے لیئے

M. Asim

(۳۹)

سبق کا خلاصہ لکھنا

حمد

* خداوندِ عالم کی تعریف کرتے ہوئے شاعر صاحب فرماتے ہیں کہ وہی خدا تعریف کے لائق ہے جس نے زمین و آسمان، چاند، ستارے یعنی پوری کائنات اور کائنات کی ہر شے بنائی ہے۔ اُسی نے مٹی سے بیل بوٹے اور فصلیں اُگائی ہیں۔ دریا، پہاڑ اور چشمے اُسی نے پیدا کئے ہیں جن سے ہم فیض یاب ہوتے ہیں۔ اُسی نے سورج بنایا جو کہ ہمیں روشنی بھی دیتا ہے اور گرمی بھی۔ یہ جو چھوٹی چھوٹی چڑیاں پھرتی ہیں اصل میں یہ چڑیاں خدا کی تسبیح بیان کر رہی ہیں۔ دنیا کی چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی چیز اُسی کی بنائی ہوئی ہے۔ اسی لئے ہمیں ہر وقت اُس کی نعمتوں کا شکریہ ادا کرنا چاہیئے۔

بے تکلفی

کنھیا لال کپور انشائیہ ''بے تکلفی'' میں تکلف اور بے تکلفی کا موازنہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ تکلف کا فائدہ یہ ہے کہ نہ ہینگ لگتی ہے نہ پھٹکری اور ظاہر داری جوں کی توں رہتی ہے۔ مثلاً آپ کے گھر کوئی مہمان تشریف لائے تو آپ کہتے ہیں۔

''کچھ منگواؤں آپ کے لیے؟''

وہ فرماتے ہیں۔ ''تکلف مت کیجیے''

اسی طرح اگر کسی صاحب سے آپ کی بے تکلفی ہو تو آپ کو کتنی زحمت اُٹھانی پڑے گی۔

آپ پوچھیں گے۔ ''کھانا کھائیں گے آپ؟۔۔''

''وہ جھٹ سے کہے گا۔ ''ہاں ہاں!۔۔۔ضرور کھائیں گے۔۔۔''

اِسی طرح کی کئی اور تکلف اور بے تکلفی کے متعلق مثالیں اس سبق میں دی گئی ہیں۔

M. Afsar

(۶۵)

نیکی اور بدی

شاعر صاحب اس نظم میں نیکی اور بدی پر روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے ہیں کہ یہ دنیا عجیب طرح کی بستی ہے۔ یہ اچھے لوگوں کے لیے اچھی ہے اور بُرے لوگوں کے لئے بُری۔ یہاں ہر روز لڑائی جھگڑے ہوتے رہتے ہیں اور یہی جھگڑے عدالتوں تک پہنچ جاتے ہیں۔ یہاں اگر بُرے کام کرو گے تو اس کا بدل بھی ویسا ہی ملے گا یعنی بُرا۔ اگر اچھے کام کرو گے تو اس کا بدل بھی اچھا ہی ملے گا۔

اس دنیا میں جو شخص کسی دوسرے کی عزت کرتا ہے تو اُسے بھی عزت ملتی ہے۔ جو کسی غریب کو کھلاتا ہے اُس کا بدل بھی اُس کو ضرور ملتا ہے اور جو کسی کا نقصان کرتا ہے اُسے بھی نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔ اگر کوئی کسی کے ساتھ بھلائی کرتا ہے تو اُس کے ساتھ بھی بھلائی ہوتی ہے۔

جو کسی کے بُرے وقت میں کام آتا ہے تو اُسکے بُرے وقت میں کوئی اس کے کام آئے گا۔ جو کسی کی نیا کو ڈبونے پر تُلا ہو آخر اُس کی بھی نیا اِک دِن ڈوب جاتی ہے۔ جو کسی دوسرے کی زبان پر پھول چڑھاتا ہے یعنی اس کے کہے الفاظ کو عزت بخشتا ہے تو اُسے اپنے بولوں پر بھی عزت ملتی ہے۔ اگر کسی ظالم نے کسی بے قصور انسان پر ظلم کیا تو اُس پر بھی اِک دن ظلم ہوگا، اس کا لہو بھی پانی کی طرح بہایا جائے گا۔ ایسا ہونے میں دیر نہیں لگتی۔ اس دنیا کا دستور ہے کہ اس ہاتھ سے دے، اُس ہاتھ سے لے۔

قول کا پاس

اس کہانی میں منشی پریم چند نے مغل بادشاہ اکبر اور راجپوتانہ فوج کے درمیان ہوئی لڑائی کا واقعہ پیش کیا ہے۔ اس لڑائی میں راجپوتوں کو شکست ہوئی اور اُن کا سردار رانا پرتاپ سنگھ اپنے بال بچّوں کو لے کر جنگل میں جا چھپا۔ لیکن راجپوتوں کے ایک سردار رگھوپت نے ہمت نہیں ہاری اور بادشاہ کے خلاف بغاوت کر دی۔ رگھوپت کو پکڑنے کے لیے ایک فوج کی ٹکڑی لگا دی گئی۔

ایک دن رگھوپت کا بیٹا بیمار ہو گیا اور بادشاہ کو اس بات کا علم ہو گیا اور رگھوپت کو پکڑنے کے لیے بادشاہ نے اُس کے گھر پر فوج کا پہرہ لگا دیا۔ جیسے ہی رگھوپت اپنے گھر آیا ایک سپاہی اُسے پکڑنے کے لیے آگے بڑھا تو اُسنے کہا کہ میں اپنے بیٹے کی خیریت جان کر خود کو تمھارے حوالے کر دوں گا۔ رگھوپت نے اپنا وعدہ پورا کیا، لیکن سپاہی نے اُسے چھوڑ دیا۔ یہ خبر بادشاہ کے

M. Ahmed

ایک افسر تک پہنچ گئی اور سپاہی کو قید میں ڈال دیا گیا۔ جب یہ خبر رگھوپت کو ملی تو اُس نے خود کو مغل فوج کے حوالے کر دیا اور کہا کہ اُس کو چھوڑنے والے سپاہی کی جان بخش دی جائے۔ مگر اُس افسر نے سپاہی اور رگھوپت دونوں کو قتل کرنے کا حکم دے دیا۔ جس دن اُن دونوں کی موت کی تاریخ تھی اُسی دن بادشاہ نے آکر دونوں کو معاف کر دیا۔ کیونکہ سپاہی کو اکبر بادشاہ نے رحم دل پایا اور رگھوپت کو وعدہ نبھانے والا شخص۔

اس کہانی سے ہمیں یہ نصیحت ملتی ہے کہ جو آدمی اپنے وعدے کے پکّے ہوتے ہیں اور سچائی پر جمے رہتے ہیں اور دوسرے کی دُکھ میں مدد کرتے ہیں۔ خدا ہمیشہ اُن کی مدد کرتا ہے۔

پانی کی آلودگی :

مضمون ''پانی کی آلودگی'' میں بتایا گیا ہے کہ ہوا، پانی اور غذا ہماری صحت اور زندگی کے لیے بہت ضروری ہے۔ اگر ہم پانی کی طرف غور کریں تو ہم دیکھ سکتے ہی کہ ہمارے پانی پینے کے ذخیرے کس طرح آلودہ ہو رہے ہیں۔ ہم اپنے پینے کے پانی کو خود آلودہ کر رہے ہیں۔ تالابوں اور نہروں کے کنارے کپڑے دھوتے ہیں۔ کارخانوں کا گندا پانی اُن میں چھوڑ رہے ہیں۔

صحت مند رہنے کے لئے ہمیں پانی کی اس آلودگی سے بچنا چاہئے۔ اس آلودہ پانی کو پینے کے قابل بنانے کے لیے اُسے جوش دے کر ٹھنڈا کرنا ضروری ہے۔ اس مضمون میں پانی کو آلودگی سے پاک کرنے کے کئی اور طریقے بتائے گئے ہیں۔

زبانوں کا گھر ہندوستان

''زبانوں کا گھر'' سیّد احتشام حسین کا تحریر کردہ مضمون ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ ہندوستان بہت بڑا ملک ہے۔ جس میں طرح طرح کے رنگ و نسل کے لوگ رہتے ہیں۔ جو طرح طرح کی زبانیں بولتے ہیں۔ صدیوں پہلے انسان وحشیوں کی مانند زندگی بسر کرتے تھے اور کھانے کی کھوج میں چھوٹی چھوٹی ٹولیوں کی شکل میں مارے مارے پھرتے تھے۔ جانوروں کا شکار کرتے تھے۔ یہ لوگ اُس وقت آپس میں بات چیت کرنے کے لیے جس زبان کا استعمال کرتے تھے اُسے کول اور منڈا قبیلوں کی زبان کہا جاتا ہے۔ پھر آریائی زبان استعمال کی، سنسکرت، یونانی، جرمن پرانے زمانے کی فارسی اور یورپ کی کئی زبانیں اِسی خاندان سے نکلی ہیں۔ آگے چل کر سیّد احتشام حسین

M. Ameen Alvi

لکھتے ہیں کہ اُردو زبان ہندوستان میں پیدا ہوئی اور یہیں پلی بڑھی۔

(۱۸۲)

خدا کے نام خط

یہ ایک اسپینی لوک کہانی ہے۔ جس کا اردو میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ کہانی ایک کسان پریوار کے اردگرد گھومتی ہے۔ جس کی پوری فصل ژالہ باری میں تباہ و برباد ہوگئی ہے۔ اس کہانی کا مین کردار لین شو ہے۔ جو اپنے والد کے ساتھ کھتوں میں بیل کی طرح کام کرنے کے ساتھ ساتھ لکھنا پڑھنا بھی جانتا ہے۔ لین شو کو بچپن ہی سے تعلیم دی گئی ہے کہ سب کا پالن ہار بڑا رحیم اور کریم ہے۔ جو انسان کے دل کی گہرائیوں تک کی بات جانتا ہے۔

لین شو کا پختہ یقین ہے کہ اس جہاں میں ایک ان دیکھی محافظ ہستی موجود ہے۔ بس اسی یقین پر وہ خدا کے نام خط لکھتا ہے۔ خط میں وہ خدا سے سو روپے کی مانگ کرتا ہے تاکہ وہ اپنے کھیت میں دوبارہ فصل بو سکے اور نئی فصل تک زندہ رہ سکیں۔ لین شو لفافے پر ایڈریس کے طور پر لکھتا ہے کہ یہ خط خدا کو ملے۔

ڈاک خانے کے ملازمین پہلے تو لین شو کے خط کو دیکھ کر مسکراتے ہیں لیکن پھر اُس کے پختہ ایمان کو دیکھ کر اُس کی مدد کرتے ہوئے چندہ اکٹھا کر کے اُسے کچھ روپے بھیج دیتے ہیں۔ خدا کی طرف سے یہ رقم پا کر لین شو بالکل بھی حیران نہیں ہوتا۔ بلکہ سو روپے سے کم ہونے پر بگڑ جاتا ہے اور فوراً خدا کو دوبارہ خط لکھتا ہے۔ ڈاک محکمے والے اُس کا خط پڑھتے ہیں جس میں لین شو خدا سے شکوہ کرتا ہے کہ جو رقم طلب کی گئی تھی۔ اس میں سے مجھے صرف ستر روپے ملے ہیں۔ باقی کی رقم ارسال کرنے کے لیے کہتا ہے اور ڈاک خانے کے ملازمین کو بے ایمان اور بد دیانت کہتا ہے۔

حالاتِ زندگی اور ادبی خدمات

شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ

(1788-1854)

ذوقؔ کا اصل نام شیخ محمد ابراہیم تھا۔ دہلی میں پیدا ہوئے اور وہیں ان کا انتقال ہوا۔ انھوں نے باقاعدہ تعلیم حاصل نہیں کی تھی لیکن اپنی ذہانت اور محنت سے علمی صلاحیت پیدا کرلی تھی۔ وہ شاہ نصیرؔ کے شاگرد اور بہادر ظفرؔ کے استاد تھے۔

بہادر شاہ ظفرؔ نے انھیں 'مَلکُ الشعرا' اور 'خاقانیِ ہند' کے خطابات دیے۔ ذوقؔ نے کئی اصناف میں اظہارِ خیال کیا ہے۔ ان کی اصل پہچان قصیدہ نگار کی ہے بالخصوص بہادر شاہ ظفر پر لکھے ہوئے قصائد کا مرتبہ بلند ہے۔ لیکن وہ غزل کے بھی ایک قابلِ ذکر شاعر ہیں۔

ذوقؔ نے اپنے کلام میں نیا پن پیدا کرنے اور محاورے کی صفائی پر خاص توجہ دی ہے۔

پروفیسر محمد مجیب

(1985-1902)

محمد مجیب لکھنو میں پیدا ہوئے۔ اُن کی ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی۔ 1918 میں سینیر کیمبرج کا امتحان پاس کیا۔ 1919 میں وکالت کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے انگلینڈ گئے۔ 1922 میں بی۔ اے آنرس پاس کیا۔ لندن میں انھوں نے فرانسیسی اور لاطینی سیکھی۔ وہاں سے برلن گئے اور جرمنی زبان میں بھی کمال حاصل کیا۔

وطن واپسی کے بعد جامعہ ملّیہ اسلامیہ میں استاد مقرر ہوئے۔ 1948 میں انھوں نے شیخ الجامعہ کی ذمّے داری سنبھالی اور اسی عہدے سے سبکدوش ہوئے۔

انھیں کتب بینی، فنِ تعمیر، سنگ تراشی، مجسّمہ سازی، مصوّری، موسیقی اور باغبانی سے

S. Z. M. Amin

دلچسپی تھی۔ علمی میدان میں تاریخ نگاری ان کا پسندیدہ موضوع تھا۔ دنیا کی کہانی (1931)، تاریخِ فلسفہ، سیاست (1936)، تاریخِ تمدن ہند (1957) اور روسی ادب کی تاریخ دو جلدیں (1960) ان کی مشہور تصانیف ہیں۔ پروفیسر مجیب کو ادب سے بھی گہری دلچسپی تھی۔ انھوں نے ڈرامے پر خصوصی توجہ دی اور آٹھ ڈرامے لکھے۔ ان میں سے 'کھیتی'، 'انجام'، 'خانہ جنگی' اور 'آزمائش' جامعات کے نصاب میں شامل رہے ہیں۔ بچوں کے لیے ایک ڈراما ''آؤ ڈراما کریں'' بھی لکھا۔ انھوں نے افسانے بھی لکھے جن میں 'کیمیا گر'، 'باغی'، 'چراغِ راہ'، 'اندھیرا' اور 'پتھر' مقبول ہوئے۔ وہ ایک کامیاب مترجم بھی تھے۔ ان کی قومی، علمی اور ادبی خدمات کے اعتراف میں حکومتِ ہند نے انھیں 'پدم بھوشن' کا خطاب دیا۔

مرزا غالبؔ

(1797-1869)

مرزا اسد اللہ خاں غالبؔ کی ولادت آگرے میں ہوئی۔ ابھی وہ بچے ہی تھے کہ والد کا انتقال ہوگیا۔ ان کے چچا نصر اللہ بیگ نے ان کی پرورش کی۔ شادی کے بعد غالبؔ دہلی آ گئے۔ یہاں کے علمی اور ادبی ماحول میں ان کے شعری ذوق کی تربیت ہوئی۔ بہت جلد انھوں نے اپنی الگ پہچان بنالی اور اعلیٰ ادبی مقام حاصل کرلیا۔ غالبؔ نظم اور نثر دونوں میں یکساں قدرت رکھتے تھے۔ دونوں میں ان کا انداز بہت منفرد اور دل کش ہے۔

خیال کی بلندی، مضمون آفرینی اور شوخی ان کے کلام کی نمایاں خصوصیات ہیں۔ ان کی شاعری میں انسان کے وجود اور اس کی دنیا کے گہرے مسئلوں کا بیان ملتا ہے۔ غالبؔ جتنے بڑے مفکّر تھے اتنے ہی بڑے فنکار بھی تھے۔ اپنے کلام کی وسعت کے ساتھ ساتھ غالبؔ اپنی صنّاعی اور اپنی طبّاعی کے لیے ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ غالبؔ نے جو بلند مرتبہ شاعری میں حاصل کیا وہی مرتبہ ان کی نثر کو بھی حاصل ہے۔

'دیوان غالبؔ' میں بہ مشکل دو ہزار اشعار ہیں لیکن غالبؔ ہندوستان ہی نہیں دنیا کے بڑے شاعروں میں شمار کیے جاتے ہیں۔ ان کے خطوط کے مجموعے 'اردوئے معلّٰی' اور 'عودِ ہندی' کے نام سے شائع ہوئے ہیں۔

M. Amin

(۱۸۵)

اقبالؔ

(1877-1938)

اقبال کا شمار اردو کے بلند مرتبہ شاعروں اور مفکّروں میں ہوتا ہے۔ وہ سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ اپنے خیالات کی گہرائی اور شعری صلاحیت کی وجہ سے ان کا نام دنیا بھر میں مشہور ہے۔ انھوں نے بچّوں کے لیے بھی نظمیں کہی ہیں۔ ان کی شاعری دنیا کی عظیم شاعری میں شمار کی جاتی ہے۔ اقبال اردو کے سب سے بڑے فلسفی شاعر ہیں۔ بچوں کے لیے انھوں نے جو نظمیں لکھی ہیں ان میں ''بچے کی دعا''، ''قومی ترانہ''، ''پہاڑ اور گلہری''، ''جگنو''، ''ہمدردی''، ''پرندے کی فریاد'' اور ''ماں کا خواب'' وغیرہ بہت مقبول ہوئیں۔

ان نظموں کے ذریعے اقبال نے بچّوں میں بلند خیالی، ایمانداری، سچائی، محبت، بھائی چارہ، انصاف، بلند کرداری، ہمدردی، انسانی جذبہ، مل جل کر ساتھ رہنے اور ایک دوسرے کی مدد کرنے جیسی صفات پیدا کی ہیں۔

اقبال کی کئی کتابیں اردو کے علاوہ فارسی اور انگریزی میں بھی شائع ہو چکی ہیں اور ان کی شاعری کے ترجمے دنیا کی بہت سی زبانوں میں کیے گئے ہیں۔

رتن سنگھ

(1927)

رتن سنگھ قصبہ داؤد، تحصیل نارووال، ضلع سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ ایک مقامی اسکول میں میٹرک تک تعلیم پائی۔ تقسیم وطن کے بعد ہندوستان چلے آئے۔ 1962 میں آل انڈیا ریڈیو میں پروگرام ایکزیکیٹو کی حیثیت سے منسلک ہوئے۔ اپنی ملازمت کے دوران انھوں نے جالندھر، بھوپال، لکھنو، جبل پور اور سری نگر وغیرہ شہروں میں قیام کیا۔

انھیں شروع سے افسانہ نگاری کا شوق تھا۔ طالب علمی کے دور کہانیاں لکھنے لگے۔ بطور افسانہ نگار ان کا نام بہت جلد مشہور ہو گیا۔ 'پہلی آواز'، 'پنجرے کا آدمی'، 'کاٹھ کا گھوڑا' اور 'پناہ گاہ' ان کے افسانوی مجموعے ہیں۔ ان کے دو ناولٹ 'دربدری' اور 'اڑن کھٹولہ' اور ایک طویل سوانح نظم 'ہڈ بیتی' اردو اور پنجابی میں شائع ہو چکی ہے۔ وہ مترجم کی حیثیت سے بھی جانے جاتے ہیں۔

M. Aeni

ساحرلدھیانوی

(1921-1980)

ساحر کا اصل نام عبدالحئ تھا وہ ساحرلدھیانوی کے نام سے مشہور ہوئے۔لدھیانہ (پنجاب) میں پیدا ہوئے۔ زمانہء طالب علمی ہی سے شعر کہنے لگے۔1936 میں ترقی پسند تحریک شروع ہوئی۔اس تحریک سے وابستہ ہونے والوں میں ساحر بھی شامل تھے۔1947 میں تقسیم ملک کے بعد دہلی چلے آئے پھر تلاش معاش میں ممبئی پہنچے، جہاں انھوں نے فلموں کے لیے گیت لکھے۔ساحر نے اپنی شاعری سے ہندوستانی فلموں میں گانوں کے معیار کو بہت بلند کیا۔ اپنے زمانے کے وہ سب سے مشہور گیت کار تھے۔ان کے فلمی گیتوں میں بھی ان کی شاعری کی تمام خوبیاں موجود ہیں۔عوام کے دکھ درد کا احساس اور ماحول کی کشمکش کا اثر ان گیتوں میں نمایاں ہے۔''تلخیاں'' ان کی شاعری کا پہلا مجموعہ ہے۔اس کے بہت سے ایڈیشن شائع ہوئے۔''آؤ کہ کوئی خواب بُنیں'' بھی ان کی شاعری کا معروف مجموعہ ہے۔''گاتا جائے بنجارہ'' میں ساحر کے فلمی گیت یکجا کر دیے گئے ہیں۔ساحر کی ''پرچھائیاں'' اردو کی طویل نظموں میں ایک خاص حیثیت رکھتی ہے۔

حبیب تنویر

(1923-2009)

حبیب تنویر کا اصل نام حبیب احمد خاں اور تنویر تخلص ہے۔ادبی اور ثقافتی دنیا میں وہ حبیب تنویر کے نام سے جانے جاتے تھے۔ناگ پور یونیورسٹی سے بی۔اے کرنے کے بعد آل انڈیا ریڈیو میں ملازم ہوگئے۔ابتدا میں انھوں نے فلمی گیت اور مکالمے لکھے پھر قدسیہ زیدی کے ہندوستانی تھیٹر میں شامل ہوگئے۔لندن اور جرمنی میں ڈرامے کی تکنیک پر مہارت حاصل کی۔

انھوں نے بہت سے اردو ڈرامے لکھے، جنھیں بہت سے مشرقی اور مغربی ملکوں میں اسٹیج کیا گیا۔ان میں ''سات پیسے''، ''چرن داس چور''، ''ہرما کی کہانی''، ''آگرہ بازار''، ''شاجاپور کی شانتی بائی''، ''مٹی کی گاڑی'' اور ''میرے بعد'' بہت مشہور ہوئے۔ان کا ایک بڑا کارنامہ یہ بھی ہے کہ انھوں نے اپنے ڈراموں کے ذریعے چھتیس گڑھ کے لوک کلاکاروں کو قومی سطح پر روشناس کرایا۔

M. Amin

حبیب تنویر کو قومی اور بین الاقوامی سطح کے کئی اعزازات سے نوازا گیا ہے۔ حکومتِ فرانس نے ان کو اپنی سوانح حیات لکھنے کے لیے اسکالرشپ دینے کا اعلان کیا ہے۔ اپنی زندگی کے آخری ایام تک وہ اُسے قلم بند کرنے میں مصروف تھے۔

ہندی، بنگالی، مراٹھی اور یورپ کی کئی زبانوں میں ان کے ڈرامے ترجمہ ہو چکے ہیں۔

بشر نواز

(1935)

بشر نواز کا اصل نام بشارت نواز خاں ہے۔ وہ اورنگ آباد میں پیدا ہوئے۔ وہیں انھوں نے تعلیم حاصل کی۔ بشر نواز کا تعلق 1960 کے بعد اُبھرنے والے شاعروں کی نسل سے ہے۔ اس نسل کے شعرا جدیدیت سے متاثر تھے۔ اس کے باوجود انھوں نے کلاسیکی شاعری سے دلچسپی برقرار رکھی۔ یہی وجہ ہے کہ زبان پر ان کی گرفت مضبوط ہے اور ان کی شاعری میں نئے پن کے ساتھ ساتھ کلاسیکی رنگ بھی ملتا ہے۔ بنیادی طور پر وہ غزل کے شاعر ہیں لیکن نظم گو شاعر کی حیثیت سے بھی معروف ہیں۔

''رائیگاں'' اور ''اجنبی سمندر'' ان کے شعری مجموعے ہیں۔

M. Amin

خلاصہ / مرکزی خیال

ڈاکٹر بھیم راؤ امبید کر

ڈاکٹر امبید کر کا اصل نام بھیم راؤ سکپال تھا۔ وہ 14/ اپریل 1891 کو مدھیہ پردیس کے قصبے مہو میں پیدا ہوئے۔ ان کا تعلق مہاراشٹر کے مہار خاندان سے تھا۔ اُن کو بچپن ہی سے بھید بھاؤ اور ناانصافی کا سامنا کرنا پڑا۔

وہ اپنے اساتذہ کا بے حد احترام کرتے تھے۔ بھیم راؤ نے ذات پات کو نہ ماننے والے اپنے استاد امبید کر سے متاثر ہو کر اپنے نام کے ساتھ امبید کر لکھنا شروع کیا تھا۔ تعلیم حاصل کرنے کے لئے بھیم راؤ کو کئی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا۔ لیکن اُس نے ہار نہیں مانی۔ وہ مسلسل آگے بڑھتا رہا۔ پھر اعلیٰ تعلیم کے لئے انہیں انگلستان جانے کا بھی موقع ملا۔

انگلستان سے واپس آنے کے بعد ڈاکٹر امبید کر نے ملک سے چھوت چھات اور ذات پات کی تفریق مٹانے کے لیے کوششیں شروع کر دیں۔ ڈاکٹر امبید کر نے ہمیشہ قومی اتحاد اور یگانگت پر زور دیا۔ ان کا اہم کارنامہ ہمارے ملک کا دستور ہے۔ جب ہمارا ملک آزاد ہوا تو اس کا دستور بنانے کی ذمّے داری ڈاکٹر امبید کر کو سونپی گئی۔ اسی لیے اُنھیں بھارت کے دستور کا معمار کہا جاتا ہے۔ بھارت کا یہ عظیم رہنما 6/ دسمبر 1954 کو اس دنیا سے چل بسا۔

آدمی کی کہانی

آدمی کی کہانی سائنسی معلومات پر مبنی سبق ہے۔ جس میں زمین کے موجودہ شکل میں آنے سے پہلے کے سبھی مراحل کا ذکر کیا گیا ہے۔ مصنف لکھتا ہے کہ زمین آگ کا گولا تھی، آہستہ آہستہ جو سرد ہو گیا۔ بھاپ اور گیسیں پانی بن گئیں۔ پھر سمندر کی تہہ میں زندگی کا بیج پہنچ گیا۔ جو

M. Amir

کروڑوں سالوں میں پھلا پھولا اور پھر پودوں اور کیڑوں کی شکل میں خشکی پر آ گیا۔ پودے آسمان کو چھونے لگے، کیڑے مچھلی بن کر تیرنے لگے۔ پاؤں والے جانور پانی پر چلنے لگے اور تیرنے والے جانور خشکی پر رینگنے لگے۔ چالیس فٹ لمبے مگرمچھ، بیس بیس ہاتھ اونچے ہاتھی، کسی کی گردن اتنی لمبی ہوگئی کہ اُڑتے پرندوں کو پکڑ لے۔ لیکن دنیا کو اپنی یہ اولاد پسند نہ تھی۔ اس لئے یہ سب فنا ہو گیا۔

اس کے بعد زمین پر نئے جانور آئے جو پہلے جانوروں کی طرح خوفناک ضرور تھے مگر اُن سے زیادہ سخت جان تھے جو زمین کی مصیبتوں کو برداشت کرتے رہے۔ ترقی کرتے کرتے جانوروں کی ایک قسم نے ایسی شکل اختیار کر لی جو آدمیوں سے کچھ ملتی تھی۔ انہیں بن مانس کہتے ہیں۔

ایک بار پھر دنیا کی آب و ہوا بدلی اور اتنی ٹھنڈ پڑی کہ دنیا کا بہت سا حصّہ برفستان بن گیا۔ اس طرح زمین چوتھی بار اُجڑی۔ اس وقت زمین میں کئی سو گز نیچے تک ہمیں جو کچھ ملتا ہے۔ وہ انھی گرمی اور سردی کے پھیروں کی داستان سناتا ہے۔ اس مضمون میں مصنف انسان کو بن مانس کی اولاد کہتا ہے۔

انٹرنٹ

یہ سبق مواصلاتی نظام کے متعلق ہے۔ جس میں کمپیوٹر کے ذریعے اس نظام میں آئی تیزی یعنی انٹرنٹ کے بارے میں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ اس مضمون میں انٹرنٹ کے کام کرنے کا طریقہ، اُسے استعمال کرنے کا طریقہ اور زندگی کے مختلف شعبوں میں انٹرنٹ کے فوائد کا ذکر کیا گیا ہے۔

انٹرنٹ کمپیوٹر نیٹ ورک کا ایک اہم حصہ ہے۔ یہ دراصل الیکٹرانک سلسلوں کا ایک مجموعہ ہے جو تمام دنیا میں مواصلاتی رشتہ قائم کرتا ہے۔ ہم دنیا کے کسی بھی حصّے میں ہوں۔ انٹرنٹ کے ذریعے کسی سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ رابطے کا یہ طریقہ ای۔ میل کہلاتا ہے۔ ای۔ میل انٹرنٹ کی ایسی خدمت ہے جس نے ٹیلی فون سے زیادہ تیز تر رابطے کا نہایت آسان طریقہ، بہت کم خرچ پر مہیا کر دیا ہے۔

کمپیوٹر پر ای۔ میل کی خدمات حاصل کرنے کے لیے تین چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایک موڈیم، دوسرا ٹیلی فون اور تیسری انٹرنٹ سروس مہیا کرنے والی تنظیم۔ انٹرنٹ کے

M. Asim

استعمال کے لئے کمپیوٹر پر ویب سائٹ کا ہونا بہت ضروری ہے۔ ویب سائٹ ایک طرح کا کنکشن ہے۔ جسے انٹرنٹ سروس دینے والی تنظیم فراہم کرتی ہے۔ فائل ٹرانسفر پروٹوکول، ٹیل نٹ، یوزنٹ سوفٹ ویئر وغیرہ جب ہم انٹرنٹ پر کام کرتے ہیں۔ ہماری مدد کرتے ہیں۔

انٹرنٹ بینکوں کے کاموں میں ہماری بہت مدد کرتا ہے۔ A.T.M کی مدد سے ہم دنیا کے کسی کی بھی کونے میں جا کر اپنے بینک سے روپے نکلوا سکتے ہیں۔ ریل اور ہوائی جہاز کا ای۔ ٹکٹ بنوا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ انٹرنٹ کی مدد سے ہم دنیا کے بڑے بڑے کتب خانوں سے اپنی من پسند کتاب لے کر پڑھ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ انٹرنٹ کی مدد دے ہم کسی بھی طرح کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

نئی روشنی

سبق ''نئی روشنی'' نابینا بچوں کے لئے تعلیم حاصل کرنے کے متعلق معلومات سے بھرپور ہے۔ نابینا بچے بریل کی مدد سے لکھتے پڑھتے ہیں۔ بریل سے مراد ہے کہ ایک خاص آلے سے موٹے کاغذ پر حروف کو اُبھارنا۔ جنھیں تھوڑی تربیت کے بعد انگلی سے چھو کر پڑھا جا سکتا ہے۔ بریل میں چھ نقطے ہوتے ہیں۔ جن کو کئی طرح سے ملا کر حروف اُبھارے جاتے ہیں۔ بریل کی ایجاد لوئی بریل نے کی تھی۔ جو خود نابینا تھا۔

اس طرح بریل کی مدد سے اندھے بچے تعلیم حاصل کر کے روزی روٹی کمانے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ جو فیکٹریوں سے لے کر دفتروں تک میں کام کرتے ہیں۔ ہمارے ملک میں تقریباً ڈھائی سو ایسے سکول ہیں۔ ان سکولوں میں پڑھائی کے ساتھ کھیلیں بھی کھلائی جاتی ہیں۔

ان کے لئے انگریزی اور ہندی کا ایسا کمپیوٹر تیار کیا گیا ہے جو بولتا ہے یعنی جس حرف کے بٹن کو آپ دبائیں گے وہی حرف کو ادا کرے گا۔ نابینا لوگوں کی انگلیوں کے پور اور کان بہت زیادہ حساس ہوتے ہیں۔ ایک بار سُنا ہوا اور ایک بار چھوا ہوا وہ کبھی بھی نہیں بھولتے۔

اس سبق کے آخر میں بچوں کو کچھ ہدایات کی گئی ہیں۔ جس سے وہ اپنی بینائی کو برقرار رکھ سکتے ہیں۔

رضیہ سلطان

رضیہ سلطان دہلی کے بادشاہ التمش کی بیٹی تھی۔ وہ اپنے سبھی بھائی بہنوں سے زیادہ ذہین، محنتی اور ہوشیار تھی۔ اِسی بات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بادشاہ التمش نے رضیہ سلطان کو اپنا جانشین مقرر کیا تھا۔ لیکن التمش کی وفات کے بعد رُکن الدّین کو گدّی کا جانشین بنا دیا گیا تھا۔ مگر اُس کی عیش پرستی سے تنگ آ کر ایک دن دلّی کی عوام نے اُسے موت کے گھاٹ اُتار دیا۔

رکن الدین کے بعد رضیہ سلطان گدّی نشین ہوئی۔ اس نے گدّی سنبھالتے ہی فلاح و بہبود کے کام شروع کر دیئے۔ اُس نے تجارت کو فروغ دیا، سڑکیں بنوائیں، درخت لگوائے اور کنوئیں کھدوائے۔

رضیہ سلطان باقاعدہ دربار لگاتی تھی۔ اس نے برابری اور بھائی چارے کو عام کیا۔ اِسی وجہ سے ''میر آخور'' کا سب سے بڑا عہدہ ایک حبشی غلام یاقوت کو دیا۔ جس کی تُرک امیروں نے سخت مخالفت کی۔ انہوں نے رضیہ کے خلاف بٹھنڈا کے گورنر التونیہ کو بہکایا اور اس نے بغاوت کر دی۔ لڑائی ہوئی اور رضیہ کو گرفتار کر لیا گیا۔ لیکن جلد ہی التونیہ کو اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ اس نے رضیہ سے معافی مانگی اور اپنی وفاداری کا یقین دِلایا۔ بعد میں دونوں نے شادی کر لی۔

رضیہ نے دوبارہ دلّی پر فتح حاصل کرنے کی غرض سے تُرک امیروں اور راجپوتوں کی مدد سے دلّی پر حملہ کیا اور رضیہ اس لڑائی میں بہادری سے لڑتی ہوئی شہید ہو گئی۔ رضیہ نے صرف ساڑھے تین سال حکومت کی تھی۔

کاٹھ کا گھوڑا

رتن سنگھ نے ''کاٹھ کا گھوڑا'' میں ہمیں وقت کے ساتھ چلنے اور اچھی تعلیم حاصل کرنے کی نصیحت کی ہے۔ وہ اس کہانی میں لکھتے ہیں کہ بندو جو کہ ٹھیلے پر بوجھ ڈھوتا ہے۔ آج کے رفتار بھرے دور میں جس بھی راستے سے وہ گزرتا ہے۔ اس راستے پر جام لگا جاتا ہے اور بندو کے ٹھیلے کی وجہ سے لگے جام سے ملک کے وزیر، کارخانے والے، کاروباری سیٹھ، دفتروں کے افسر، دوکاندار، وردیوں والے فوجی، پولیس والے، سفید کالروں والے بابو، عام آدمی کے علاوہ اسکول اور کالج کے طلباء بھی لیٹ ہو جاتے ہیں۔

ہر روز کی طرح اُس دن بھی بندو آہستہ آہستہ اپنے ٹھیلے کو دھکیلے جا رہا تھا۔ بندو کے ٹھیلے

M. Anwar

کی وجہ سے شہر کے تنگ بازاروں میں جام لگ رہا تھا۔لوگ بڑبڑا رہے تھے۔ہر کسی کو جلدی تھی کیونکہ وہ لیٹ ہو رہے تھے۔ٹھیلہ دھکیلتے دھکیلتے بندو کے دل میں خیال آیا کہ وہ پڑھائی پوری نہ کر پایا تھا۔اس لئے آج میں ٹھیلہ دھکیل رہا ہوں۔کل میرا بیٹا چندو بھی ٹھیلہ دھکیلے گا۔کیونکہ میں اُس کی پڑھائی کا بوجھ بھی نہیں اُٹھا پا رہا ہوں۔

اونتی

یہ ایک جاپانی کہانی کا اُردو ترجمہ ہے۔اس کہانی میں مصنف نے اونتی نام کے کردار کے ذریعے یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ اور ایک خوش مزاج اور ذہین آدمی کی ذہانت سے کس طرح لوگ فیضیاب ہوتے ہیں۔

ایک مرتبہ غیر ملکی تاجر ملک کے بادشاہ پر باتوں باتوں میں غالب آ گئے۔وہ تاجر کہنے لگے کہ ہمیں سوال پوچھنے ہیں۔لیکن اُن کے سوالوں کے جواب کوئی نہ دے پایا۔کسی نے بادشاہ سے کہا کہ اونتی کو بُلایا جائے۔اونتی آیا اور اُس نے اپنی سوجھ بوجھ اور ذہانت کا مظاہرہ کرتے ہوئے غیر ملکی تاجروں کے سوالوں کے جواب بڑی آسانی سے دے دیئے۔بادشاہ اونتی کے اس کارنامے اور اُس کی ذہانت سے بے حد متاثر ہوا اور اُسے انعامات سے نوازا۔

اسی طرح ایک دن ایک سرائے والے اور ایک مزدور کی لڑائی کا معاملہ عدالت تک پہنچ گیا۔جسے اونتی نے ایک منٹ میں سُلجھا دیا۔

کارتوس

ڈرامہ ''کارتوس'' اودھ کے ایک تاریخی پہلو کو سامنے رکھ کر لکھا گیا ہے۔اس ڈرامے میں دو کرداروں کرنل اور لیفٹیننٹ کے ذریعے ساری کہانی پیش کی گئی ہے۔اس ڈرامے میں وزیر علی کی بہادری کو بیان کرتے ہوئے مصنف لکھتا ہے کہ ایک خیمے میں انگریزی فوج وزیر علی کو گرفتار کرنے کی غرض سے ڈٹی بیٹھی تھی۔کرنل اور لیفٹیننٹ آپس میں وزیر علی کی بہادری کی باتیں کر رہے تھے کہ اچانک دور سے انہیں ایک شخص تیز گھوڑے پر سوار ہو کر آتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔جو پاس آ کر اُن سے کارتوس مانگتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے وزیر علی کو ختم کرنا ہے۔اس لئے مجھے کارتوس کی ضرورت ہے۔کرنل وزیر علی کو نہیں پہچانتا تھا۔اس نے اُسے دس کارتوس دے دیئے۔جاتے ہوئے وہ گھوڑ سوار کہتا ہے کہ میں ہی وزیر علی ہوں۔

مرکزی خیال

نظم ''پہاڑ اور گلہری''

اس نظم میں شاعر نے اللہ کی بنائی ہوئی تمام چھوٹی بڑی چیزوں کی عظمت بتاتے ہوئے ایک پہاڑ اور گلہری کا مکالمہ پیش کیا ہے کہ پہاڑ نے اپنے بڑے ہونے کا احساس کرتے ہوئے چھوٹی سی گلہری کو بڑی حقیر نظروں سے دیکھ کر اُس کا چھوٹا ہونا عیب بتایا۔ مگر گلہری نے جواب دیتے ہوئے ثابت کر دیا کہ جو کام میں چھوٹی سی گلہری کر سکتی ہوں وہ بڑے سے بڑا پہاڑ بھی نہیں کر سکتا۔

نظم ''اے شریف انسانو!''

اس نظم میں شاعر نے آپس میں اتحاد کا پیغام دیتے ہوئے قتل و غارت گری اور خون خرابہ جیسے حالات پر افسوس ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ بموں کے دھماکے، توپوں کی گرج، ان سب سے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ جنگ کا نتیجہ ہمیشہ تباہی ہی ہوتا ہے۔ غریبی، بھک مری جیسے حالات پیدا ہوتے ہیں۔ لہٰذا شریف انسانوں کو چاہئے کہ آپس میں سب سے مل جل کر رہیں۔ امن و سلامتی کی شمع روشن کریں۔

نظم ''قدم بڑھاؤ دوستو''

یہ نظم ہندوستان کو آزادی ملنے کے موقعہ پر لکھی گئی تھی۔ اس نظم میں شاعر اپنے وطن کی ترقی کے لئے کوشش کرنے کا پیغام دیتے ہوئے کہتا ہے کہ ہمیں نئے راستے تلاش کر کے منزل پر جانا چاہئے کیوں کہ ابھی کام کی شروعات ہے اور ہمیں ترقی کے لئے قدم سے قدم ملا کر آگے بڑھنا ہے اور اس ترقی کی راہ میں آنے والی ہر رکاوٹ کو کچلنا ہے اور محنت و مشقت سے اپنے وطن کو سرسبز و شاداب چمن بنانا ہے۔

M. Amin

(۴۶)

ہمارا اسکول

میں سٹی ہائی سکول پٹیالہ میں پڑھتا ہوں۔ ہمارا اسکول شہر سے باہر ایک پر فضا اور کھلی جگہ پر واقع ہے۔ سکول کی عمارت تقریباً سولہ کمروں پر مشتمل ہے۔ اسٹاف روم، سائنس روم، ریڈنگ روم اور ہیڈ ماسٹر صاحب کا دفتر اس کے علاوہ ہیں۔ ہمارے اسکول کا ریڈنگ روم خاص طور پر قابلِ دید ہے کمرے میں داخل ہوتے ہی دیواروں پر بہترین اشعار لکھے ہوئے نظر آتے ہیں۔ مشہور ادیبوں، شاعروں اور قومی لیڈروں کے فوٹو بھی کمرے میں لگے نظر آتے ہیں۔ ایک بڑی میز پر قسم قسم کے اخبارات اور رسالے رکھے رہتے ہیں۔ لائبریری میں

M. Amin

تقریباً سات ہزار بہترین کتابیں موجود ہیں۔ یہ کتابیں پندرہ بڑی بڑی الماریوں میں ترتیب سے رکھی ہوئی ہیں۔ ہمارے سکول کے سائینس روم میں سائینس کا تمام ضروری سامان موجود ہے۔ دیواروں پر سائینس دانوں کی تصویروں کے علاوہ خوب صورت اور رنگین چارٹ لگے ہوئے ہیں۔ جن کی مدد سے ہمیں سبق سمجھنے میں بڑی آسانی ہوتی ہے۔

کمروں کی سیر کرتے ہوئے باہر آئیں تو ہیڈ ماسٹر صاحب کے دفتر کے سامنے ایک خوبصورت باغیچہ ہے۔ اس باغیچہ میں رنگا رنگ کے پھول نہایت دلکش منظر پیش کرتے ہیں۔ باغیچے سے نکل کر آگے بڑھیں تو ہم اسکول کے کھیل کے میدان میں پہونچ جاتے ہیں۔ جہاں ہر سال ہاکی، فٹ بال اور کرکٹ کے ٹورنامنٹ ہوتے ہیں۔ اس موقع پر اس میدان میں خوب رونق ہوتی ہے۔ مختلف اسکولوں کی ٹیمیں میچ کھیلنے کے لیے یہاں آتی ہیں۔

ہمارے سکول میں طلباء کی تعداد بارہ سو کے لگ بھگ ہے جنہیں تعلیم دینے کے لیے چالیس استادہ مقرر ہیں۔ یہ سب کے سب بڑے محنتی قابل اور تجربہ کار ہیں اور اپنے فرض کو نہایت دیانت داری سے سرانجام دیتے ہیں۔ ہمارے ہیڈ ماسٹر صاحب بھی نہایت قابل اور محنتی ہیں۔ اساتذہ اور طلبہ ان کی بے حد عزت کرتے ہیں۔

ہمارے اسکول نے تعلیمی میدان میں بھی اچھے ریکارڈ قائم کیے ہیں۔ ہر سال آٹھویں اور دسویں جماعتوں کا نتیجہ شہر بھر کے اسکولوں سے اچھا رہتا ہے۔ خدا

M. Amin

کرے ہمارا اسکول اسی طرح دن رات ترقی کرتا رہے۔

(56)

.....

برسات کا موسم

ہمارے ملک میں جون جولائی کے مہینوں میں سخت گرمی پڑتی ہے۔ دھوپ بڑی تیز ہوتی ہے۔ لو چلتی ہے اور گرمی کی وجہ سے گھر سے باہر نکلنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس تپتے ہوئے موسم میں ہر جاندار گرمی کے ہاتھوں بے چین ہو جاتا ہے۔ اچانک گھنگور گھٹا اٹھتی ہے۔ اور دیکھتے ہی دیکھتے آسمان پر چھا جاتی ہے۔ تھوڑی دیر میں بوندا باندی ہونے لگتی ہے۔ اور آخر کار موسلا دھار بارش ہونے لگتی ہے۔ پرنالے دھائیں دھائیں چلنے لگتے ہیں۔ بستیوں کی گلیاں اور بازار ندیوں کی صورت اختیار کر لیتے ہیں۔ دور دور تک پانی پھیل جاتا ہے۔ ہر چیز میں تازگی اور نئی زندگی پیدا ہو جاتی ہے۔ درخت دُھل کر ہرے بھرے ہو جاتے ہیں۔ سبزہ لہلہانے لگتا ہے۔ پرندے خوشی کے نغمے الاپنے لگتے ہیں۔ اور سبھی جاندار سکھ کا سانس لیتے ہیں۔

بارش تھمتے ہی لوگ موسم کا لطف اٹھانے کے لیے گھروں سے باہر نکل آتے ہیں کچھ منچلے باغوں کی راہ لیتے ہیں۔ بعض جھولا جھولتے ہیں۔ بعض آموں سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ کسان جو بارش نہ ہونے سے پریشان اور مایوس تھے اپنے کھیتوں کو پانی سے سیراب دیکھ کر نہایت خوش نظر آتے ہیں۔

جہاں برسات کا موسم اپنے دامن میں ایسی خوشیاں لاتا ہے وہیں کچھ

M. Aslam

پریشانیاں بھی اس کے ساتھ ہوتی ہیں۔ پُرانے مکانوں کی چھتیں ٹپکنے لگتی ہیں۔ چارپائی کبھی ادھر گھسیٹو کبھی ادھر۔ زیادہ پُرانے مکانوں کی چھتیں دیواریں بیٹھنے لگتی ہیں اور غریبوں کو سر چھپانے کی جگہ بھی نہیں رہتی۔ برسات کے موسم میں اکثر سیلاب بھی آجاتے ہیں۔ جن میں کبھی کبھار تو گاؤں کے گاؤں صاف ہو جاتے ہیں۔ مویشیوں اور فصلوں کا نقصان اس کے علاوہ ہوتا ہے۔

غرضیکہ خدا کی مہربانی ہو تو برسات کا موسم بہت بڑی نعمت اور رحمت ہے لیکن یہ نہ ہو تو یہی رحمت زحمت کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔

M. Amin

(58)

صَفائی

سب لوگ تندرستی پسند کرتے ہیں۔ بیماری کسی کو اچھی نہیں لگتی۔ بیماری میں انسان کسی کام کے قابل نہیں رہتا۔ خوشی بھی اچھی نہیں لگتی، اور زندگی دوبھر معلوم ہونے لگتی ہے۔ جبکہ صحت اور تندرستی میں زندگی کا لطف دوبالا ہو جاتا ہے۔ تندرستی قائم رکھنے کے لیے سب سے زیادہ ضروری چیز صفائی ہے۔ کیونکہ اکثر بیماریاں گندگی سے ہی پیدا ہوتی ہیں۔ جہاں میل کچیل اکٹھا ہوا بدبو پیدا ہوئی اور کام بگڑا۔ یہ گندگی جسم میں پیدا ہو تو نقصان دہ غذا میں پیدا ہو تو مضر اور ہوا میں پیدا ہو تو خطرناک ہے۔

تندرستی قائم رکھنے کے لیے چار چیزوں کی صفائی کا خیال رکھنا چاہیے۔ جسم۔ لباس۔ مکان اور غذا۔ جسم کی صفائی یہ ہے۔ دانت صاف رکھو۔ روزانہ مسواک کرو۔ ناک صاف رکھو۔ ہر روز صاف پانی سے غسل کرو۔ اور صاف تولیے سے بدن کو پونچھو تاکہ مسام کھل جائیں۔ بالوں میں کنگھی کرو اور ہاتھ پاؤں کو

M. Anwar

گندگی سے بچاؤ۔

لباس کی صفائی یہ ہے کہ صاف ستھرے کپڑے پہنو۔ کپڑوں پر داغ دھبّے نہ لگنے دو۔ گرد۔ کیچڑ اور پلید چیزوں سے بچاؤ۔ میلے کپڑے نہ پہنو۔

مکان کی صفائی یہ ہے کہ تمام چیزیں صاف ستھری ہوں۔ گرد مٹّی نہ پڑے۔ کوڑا کرکٹ نہ جمع ہو۔ گندا پانی اکٹھا نہ ہو۔ کیچڑ نہ ہو۔ روزانہ استعمال کی چیزیں صاف کر کے قرینے سے رکھی جائیں۔ گلی سڑی اور گندی چیزیں گھر میں نہ پڑی رہیں۔

غذا کی صفائی یہ ہے کہ صاف ستھری چیزیں استعمال کی جائیں۔ گلی سڑی نہ ہوں۔ برتن صاف ستھرے اور روزانہ دھلتے رہیں۔ آٹا سبزی اور کھانے کی دوسری چیزیں صاف ستھری استعمال کی جائیں۔ باسی اور بدبودار چیزوں کا استعمال نہ کیا جائے۔

جو لوگ صفائی کا باقاعدہ خیال رکھتے ہیں وہ کبھی بیمار نہیں ہوتے۔ لہٰذا تندرستی کی خاطر صفائی میں کبھی کوتاہی یا سستی نہیں کرنی چاہیئے۔

دنیا کے سارے ہی مذہب صفائی کی طرف خصوصی توجّہ دیتے ہیں۔ اسلام نے بھی صفائی کی اہمیت پر خاص زور دیا ہے۔

نماز سے پہلے وضو کرنا اور پاک صاف کپڑے پہننا لازمی ہیں۔ حدیث شریف میں بھی صفائی کو آدھا ایمان بتایا گیا ہے۔

دوسرے مذاہب بھی غسل وغیرہ کی تاکید کرتے ہیں۔

M. Qamar

۴۔ علم کے فائدے

علم کے معنی "جاننا" کے ہیں۔ کسی نئی چیز کو سمجھنے سیکھنے یا کوئی ہنر حاصل کرنے کو علم کہا جاتا ہے۔ علم ایک ایسی دولت ہے جسے چوری کا ڈر ہے نہ ڈاکے کا خوف۔ دنیا کی ہر چیز ختم ہو سکتی ہے مگر علم کی دولت جس قدر استعمال کی جائے اسی قدر بڑھتی جاتی ہے۔

انسان کو علم ہی کی وجہ سے اشرف المخلوقات کا درجہ حاصل ہے۔ اچھائی اور بُرائی میں تمیز کرنا علم ہی سکھاتا ہے۔ علم ہی آدمی کو انسان بناتا ہے ورنہ اس میں اور حیوان میں کوئی فرق نہیں رہ جاتا۔ عالموں کو جو شہرت ملتی ہے۔ وہ جاہلوں کو کبھی نصیب نہیں ہوتی۔ دولت مند کی عزّت بھی اسی وقت تک ہے جب تک اس کے پاس دولت ہے کیونکہ دولت ڈھلتی چھاؤں ہے۔ آج ایک شخص کے پاس ہے۔..... تو کل دوسرے کے پاس۔ لیکن علم ایک ایسی دولت ہے کہ

M. Amin

جسے مل جائے ہمیشہ اسی کے پاس رہتی ہے۔ عالم آدمی جہاں بھی جاتا ہے۔ وہاں اس کی قدر ہوتی ہے۔ وہ ہر قسم کی دولت سے بے نیاز ہوتا ہے۔

شروع شروع میں انسان کے پاس علم بہت کم تھا مگر وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ اس کے علم میں اضافہ ہوتا گیا۔ پتھر کے زمانے سے آج تک انسان نے جو ترقی کی ہے وہ علم ہی کی وجہ سے ہے۔ سائنس کی ترقی اور نت نئی ایجادات علم کی مرہونِ منّت ہیں۔ اس دور میں وہی قوم ترقی کر سکتی ہے جس کے افراد تعلیم یافتہ ہوں اور نئے نئے علوم کو حاصل کرنے میں لگے ہوں اس لیے ہمیں چاہیئے کہ خود بھی علم حاصل کریں اور ان پڑھ لوگوں کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کریں تا کہ ہماری قوم بھی ترقی کر سکے۔ مولانا حالی نے کیا خوب کہا ہے۔

زمانہ نام ہے میرا تو میں سب کو دکھادوں گا
کہ جو تعلیم سے بھاگیں گے نام ان کا مٹادوں گا

.....

صبح کی سیر

صبح کی سیر صحت کے لیے نہایت ضروری ہے۔ وہ لوگ جو صبح کی سیر کے عادی ہوتے ہیں۔ عموماً لمبی عمر پاتے ہیں۔ صبح کے وقت موسم خوشگوار ہوتا ہے۔ ہر چیز تر و تازہ اور شاداب نظر آتی ہے۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کے جھونکے دل کو لبھاتے ہیں۔ پرندے اللہ تعالیٰ کی حمد کے گیت گاتے ہیں۔ درختوں کی ہری ہری ڈالیاں خوشی سے جھوم رہی ہوتی ہیں۔ غرض ہر چیز مسرور نظر آتی ہے وہ لوگ جو صبح کی سیر

M. Amin

کے عادی ہیں اِن نظاروں سے بخوبی لطف اندوز ہوتے ہیں۔

صبح کی سیر سے آدمی دن بھر چُست اور چالاک رہتا ہے۔ سستی اور غفلت اس کے قریب نہیں آنے پاتی۔ کاموں میں برکت ہوتی ہے اور ہر کام اچھے طریقے سے انجام پاتا ہے۔ جو لوگ دِن چڑھے اُٹھتے ہیں اور سیر کو نہیں جاتے وہ جسمانی اور ذہنی طور پر کمزور رہتے ہیں۔ صبح کی سیر سے طبیعت سارا دِن ہشاش بشاش رہتی ہے اور کام میں جی بھی لگتا ہے۔

صبح کے وقت طلوعِ آفتاب کا منظر بہت دل کش ہوتا ہے۔ جب سورج کی نورانی کرنیں ندی کے بہتے ہوئے پانی پر پڑتی ہیں تو بڑا لطف کا سماں ہوتا ہے۔ لیکن اس منظر سے وہی لوگ لطف اُٹھا سکتے ہیں جو صبح کی سیر کے عادی ہیں۔ صبح کے وقت ہر چیز مسرور اور خوش نظر آتی ہے۔ ہری ہری گھاس پر شبنم کے قطرے موتیوں کی طرح چمکتے دکھائی دیتے ہیں۔

سبز گھاس آنکھوں کو طراوت بخشتی ہے۔ اسے دیکھ کر دل و دماغ کو ایک خاص قسم کی تازگی حاصل ہوتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ صبح کی سیر آدمی کو ایک نئی زندگی عطا کرتی ہے۔ صبح کی سیر ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا۔ پرندوں کا چہچہانا ہرے بھرے درخت اور ان کی جھومتی ہوئی شاخیں ایک عجیب سماں پیدا کرتی ہیں۔

صبح کے وقت منہ اندھیرے سیر کو نکل جانا اور ایک دو میل چلنا صحت کے لیے بے حد مفید ہے۔

بوڑھوں کے لیے خاص طور پر صبح کی سیر نہایت ضروری ہے کیونکہ اس

M. Ahsan

تندرستی

کسی نے سچ کہا ہے۔" تندرستی ہزار نعمت ہے"۔ ہمارے جسم کا نظام بالکل مشین کی طرح ہے۔ اگر مشین کا کوئی پرزہ خراب ہو جائے تو ساری مشین بے کار ہو جاتی ہے۔ بالکل اسی طرح اگر جسم کے کسی حصّے کو تکلیف ہو تو تمام جسم متاثر ہوتا ہے اور آدمی ناکارہ ہو جاتا ہے۔ ایسے موقعوں پر ہی انسان کو صحت اور تندرستی کی قدر و قیمت معلوم ہوتی ہے۔

دیکھنے میں آیا ہے کہ متواتر بیمار رہنے والا شخص آخر اپنے عزیزوں اور دوستوں کے لیے بوجھ بن جاتا ہے۔ اس کے لیے زندگی وبال بن جاتی ہے۔ اسے ہر چیز بُری لگتی ہے۔ طبیعت میں چڑچڑا پن آجاتا ہے۔ وہ شخص جو بیماری سے پہلے اپنی زندہ دلی کی وجہ سے ہر دل عزیز تھا اور مجلسوں میں ہنسنا ہنسانا جس کا روز کا معمول تھا اب وہ مسلسل بیماری کے سبب اپنے احباب اور عزیز و اقارب کے لیے مستقل بوجھ بن جاتا ہے۔

موجودہ زمانے میں لوگ صحت کی طرف بہت کم توجہ دیتے ہیں۔ کیونکہ اس مشینی دور میں زندگی اس قدر تیز ہو چکی ہے کہ کسی کے پاس اتنا وقت ہی نہیں کہ وہ اپنی صحت کو بہتر بنانے کے لیے وقت نکال سکے۔ ہر شخص روزی کمانے کی فکر میں ہے۔ حالانکہ انسان کو اپنی صحت قائم رکھنے کی طرف بھی دھیان دینا چاہیے۔ کیونکہ دُنیا کا سارا کاروبار تندرستی اور صحت کی وجہ سے چل رہا ہے۔

صحت قائم رکھنے کے لیے ورزش کرنا ضروری ہے۔ یوں تو چلتے پھرتے

اور کام کرتے ہماری ورزش ہو جاتی ہے۔ لیکن اچھی صحت اور تندرستی کے لیے باقاعدہ ورزش ضروری ہے۔ ورزش کرنے سے آدمی دن بھر چست رہتا ہے۔ اور تھکتا کم ہے۔ اور طبیعت شگفتہ رہتی ہے۔

صحت کو برقرار رکھنے کے لیے سادہ اور صحت بخش غذا کا استعمال بھی ضروری ہے۔ خوراک ایسی ہو جو جلد ہضم ہو جائے۔ ثقیل خوراک سے پرہیز کرنا چاہیے۔ تندرست رہنے کے لیے اچھی صحبت بھی ضروری ہے آوارہ اور غلط لوگوں سے پرہیز۔ پانے روزمرّہ کے کاموں کو باقاعدگی سے انجام دینا بھی ضرور ہے۔ کام کے وقت کام اور آرام کے وقت آرام صحت کا بہترین اصول ہے۔ کھیلنے کے وقت کھیلنا اور پڑھنے کے وقت پڑھنا صحت کے لیے مفید ہے۔

M. Akram

علامہ اقبالؒ

علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبالؒ ۹ نومبر ۱۸۷۷ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مکتب میں حاصل کرنے کے بعد مشن ہائی اسکول سیالکوٹ میں داخلہ لیا اور میٹرک کا امتحان نہایت اعلیٰ درجے میں پاس کر کے وظیفہ حاصل کیا اس کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لیے آپ نے میرے کالج سیالکوٹ میں داخلہ لیا۔ جہاں آپ کو سید میر حسن جیسے مشفق و فاضل استاد سے مستفید ہونے کا شرف حاصل ہوا انھیں کی تربیت نے اقبالؒ میں اسلامیات اور عربی فارسی کا اعلیٰ ذوق پیدا کیا۔ ایف اے پاس کرنے کے بعد آپ لاہور تشریف لے آئے اور گورنمنٹ کالج میں داخلہ لیا۔ یہاں آپ کو ایک انگریز استاد مسٹر آرنلڈ سے فیض حاصل کرنے کا موقع ملا۔ جن کی صحبت میں اقبالؒ نے فلسفہ پر عبور حاصل کیا۔ گورنمنٹ کالج لاہور سے فلسفے میں ایم ۔اے پاس کرنے کے بعد آپ پہلے اورینٹل کالج میں اور پھر کچھ عرصے تک گورنمنٹ کالج میں فلسفے کے پروفیسر رہے۔

۱۹۰۵ء میں آپ اعلیٰ تعلیم کے حصول کی غرض سے انگلستان تشریف لے گئے اور وہاں کیمرج یونیورسٹی سے بیرسٹری کی ڈگری حاصل کی۔ اس کے بعد میونخ یونیورسٹی (جرمنی) سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ ۱۹۰۸ء میں آپ وطن واپس تشریف لے آئے۔

اُردو ادب میں اقبالؒ کا درجہ بہت بلند ہے۔ بلاشبہ انھیں اردو کا بہترین شاعر کہا جاسکتا ہے۔ انھوں نے اپنی شاعری کے ذریعہ قوم کو بیدار کرنے کی کوشش کی۔ آپ کی شاعری سے ہندوستانیوں میں غلامی کے خلاف جدوجہد کا جذبہ پیدا ہوا۔ آپ کی نظموں نے قوم کو خوابِ غفلت سے بیدار کیا جس کے نتیجے میں آخرکار ۱۵/اگست ۱۹۴۷ء کو ہندوستان نے غلامی کی زنجیریں توڑ کر آزاد ملکوں کی صف میں شامل ہوگیا۔

اقبالؒ نے اُردو اور فارسی دونوں زبانوں میں شاعری کی ہے بانگِ درا، بالِ جبریل اور ضربِ کلیم آپ کے اردو کلام کے مجموعے ہیں۔ پیامِ مشرق، زبورِ عجم، جاوید نامہ اور مثنوی اسرار و رموز فارسی تصانیف ہیں۔ ارمغانِ حجار میں فارسی اور اردو دونوں زبانوں کا کلام شامل ہے۔

قریباً باسٹھ برس کی عمر میں ۲۱/اپریل ۱۹۳۸ء کو آپ اس دارِفانی سے رخصت ہوگئے۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

(۱۶)

ایک میچ کا آنکھوں دیکھا حال

کل ہماری فٹ بال ٹیم نے گورنمنٹ ہائی سکول کی ٹیم کے ساتھ ایک میچ کھیلا۔ میچ ہمارے سکول کے گراؤنڈ میں کوئی چار بجے شروع ہوا۔ دونوں ٹیمیں مقابلے کی تھیں۔ میچ کی خبر سارے شہر میں مشہور ہو چکی تھی۔ شہر کے معزز ّن اور عوام میچ دیکھنے کے لیے جوق در جوق کھیل کے میدان میں پہنچ گئے تھے۔ اس کے علاوہ دونوں اسکولوں کے طلباء بھی اپنے اپنے کھیلاڑیوں کی حوصلہ افضائی کے لیے میدان میں موجود تھے۔ لوگوں کا ہجوم اس قدر تھا کہ گراؤنڈ کے ارد گرد تل دھرنے کو جگہ نہ تھی۔ ہر شخص کی یہی خواہش تھی کو وہ اس جگہ بیٹھے۔ جہاں تمام میدان نظر کے سامنے رہے۔ ہر شخص میچ کے شروع ہونے کا بڑی بے تابی سے منتظر تھا۔ اور لوگوں کی نظریں بار بار ریفری کی طرف اُٹھ رہی تھیں۔

آخر کار ریفری نے سیٹی بجائی اور دونوں طرف کے کھلاڑی میدان میں اُتر آئے۔ سب سے پہلے دونوں ٹیموں کے کپتانوں کا تعارف کرایا گیا اس کے بعد

M. Ali

ریفری نے دوسری سیٹی بجائی اور میچ شروع ہوگیا۔ مقابلہ زبردست تھا۔ آنکھ جھپکتے میں بال میدان کو ایک کونے سے دوسرے کونے تک پہنچ جاتی۔ ہر کھلاڑی اپنی جان پر کھیل کر گیند کو مخالف سمت میں لے جانے کی کوشش میں تھا۔

دونوں طرف کے کھلاڑی بڑے جوش سے کھیل رہے تھے۔ مخالف ٹیم کے کھلاڑیوں نے ہماری ٹیم کو بہت دبایا اور پے در پے حملے کر کے اپنے کھیل کا لوہا منوالیا۔ آخر ہماری ٹیم پر بڑا نازک وقت آ گیا۔ ہوا یوں کہ مخالف ٹیم کے ایک کھلاڑی نے بال کو ہماری ٹیم کے کھلاڑیوں میں سے گذارتے ہوئے۔ گول کے قریب کھڑے اپنے ایک ساتھی رشید کے حوالے کر دیا۔ رشید نے اس زور سے چوٹ لگائی کہ بال گول کے پار ہوگئی۔ 'گول'۔ 'گول' کے نعرے بلند ہوئے۔ مخالف ٹیم کے کھلاڑیوں اور گورنمنٹ ہائی سکول کے دوسرے طلبہ کی خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی۔ وہ اُچھل اُچھل کر اپنی ٹیم کو داد دے رہے تھے۔ لیکن اس کے برعکس ہمارے اسکول کے لڑکے بہت افسردہ اور بددل تھے۔ اتنے میں ریفری نے سیٹی بجائی اور ہاف ٹائم ہوگیا۔

ہاف ٹائم کے خاتمے کی سیٹی بجی اور کھلاڑی دوبارہ میدان میں جم گئے۔ کھیل شروع ہوگیا۔ ہمارے کھلاڑیوں کی کوشش تھی کہ میچ برابر ہو جائے۔ ہماری ٹیم کا شاندار کھیل شروع ہوگیا۔ ہماری ٹیم کا دوسرے ہاف کا کھیل دیکھ کر ہر شخص پُر اُمید تھا کہ میچ برابر رہ جائے گا

M Aman

(69)

عیدالفطر

مسلمانوں کے دو تہوار ہیں۔ عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ۔ یہ وہ تہوار ہیں جو دُنیا بھر کے مسلمان یکساں جوش و خروش اور خوشی سے مناتے ہیں۔ ماہِ رمضان میں مہینہ بھر روزے رکھنے کے بعد شوال کی پہلی تاریخ کو عیدالفطر کا تہوار منایا جاتا ہے۔ یوں تو رمضان کا مہینہ شروع ہوتے ہی عید کا انتظار شروع ہو جاتا ہے۔ لیکن رمضان کی ۲۹ ر تاریخ کو عید کا چاند دیکھنے کے لیے لوگوں کا جوش قابلِ دید ہوتا ہے۔

تیس کی عید تو ہوتی ہی ہے، اُنتیس کی عید ہو جائے تو کچھ زیادہ ہی لطف آتا ہے۔ لوگ رمضان شریف کے پورے مہینے میں عید کا انتظام کرتے رہتے ہیں۔ درزی کو نئے کپڑے سلنے کے لیے دیئے جاتے ہیں۔ تو کہیں موچی کی دُکان کے چکّر لگ رہے ہیں۔ چاند رات کو یہ خریداری پورے زوروں پر ہوتی ہے۔

اس رات چوڑی والوں۔ جوتے والوں اور بساطی کی دکانوں پر خوب رش ہوتا ہے۔ لوگ بال بچوں کو انگلی تھمائے دُکانوں کے چکّر لگاتے پھرتے ہیں تاکہ اپنی ضرورت کی چیزیں خرید سکیں۔ کچھ بے فکرے نوجوان صرف رونق دیکھنے کے لیے بازاروں کا گشت لگاتے رہتے ہیں۔ غرض یہ کہ اس رات کی گہما گہمی اور رونق قابلِ دید ہوتی ہے۔

M Ali

(۲۵)

عید کے روز کیا بوڑھے کیا جوان صبح ہی صبح جاگ جاتے ہیں۔ بچّوں کو تو نیند بھی مشکل سے آتی ہے۔ نہا دھو کر نئے کپڑے پہنتے ہیں۔ سوّیاں اور شیر خرما کھاتے ہیں۔ اور عطر خوشبو لگا کر عید گاہ کی طرف چل پڑتے ہیں کہ نماز دوگانہ پڑھ کر اس مالک کا شکر ادا کریں۔ جس نے ماہِ رمضان کی ریاضت و مشقّت کے بعد عید کا خوب صورت دن انعام کے طور پر بخشا۔ عید گاہ سے واپسی ہوتی ہے۔ بچّوں کو عیدی ملتی ہے اور بڑوں کو سلام۔ یار دوست ایک دوسرے کو عید کی مبارک باد دیتے ہیں۔

کھانے پینے کی دُکانوں پر خوب بھیڑ ہوتی ہے۔ مٹھائی، پکوڑے، کباب، سوڈا واٹر، چائے، کافی اور اسی طرح کی دوسری چیزوں پر لوگ اس طرح ٹوٹ پڑتے ہیں جیسے رمضان کے مہینے کی کسر نکال کر ہی دم لیں گے۔

غرض یہ کہ اس طرح ملنے ملانے کھانے پینے اور گھومنے پھرنے میں پورا دن گذر جاتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ عید کی خوشیاں مناتے وقت خاص طور پر اُس مالک دو جہاں کو یاد رکھیں اور اس کا شکر ادا کریں جس نے ہمیں عید کی نعمت بخشی۔

M. Amin

(۱۶) دیوالی

ہمارے ملک ہندوستان میں مختلف مذہبوں کے ماننے والے بستے ہیں۔ ہندو۔ مسلم۔ سکھ۔ عیسائی۔ جین۔ بودھ اور پارسی سبھی اس گلستان کے پھول ہیں۔ جن کے ملنے سے ہندوستان جیسا خوبصورت گلدستہ بنتا ہے۔ سبھی مذاہب کے ماننے والے مختلف تہوار مناتے ہیں۔ لیکن خوبی کی بات یہ ہے کہ سبھی تہوار سبھی لوگ مل جل کر مناتے ہیں اور اس طرح سبھی تہوار ہماری قومی زندگی کا حصہ بن گئے ہیں۔ عید ہو یا دیوالی، کرسمس ہو یا گورپرب ہمیں سبھی کا یکساں انتظار رہتا ہے۔ یوں تو سبھی تہوار اپنی اپنی جگہ اہم ہیں۔ لیکن دیکھا جائے تو دیوالی کی اہمیت سب سے زیادہ دیکھائی دیتی ہے۔

دیوالی یا دیپاولی کا مطلب چراغوں کی قطار ہے۔ کیونکہ اس تہوار میں روشنی کا خاص اہتمام کیا جاتا ہے۔ اس لیے اس کا نام دیوالی ہے۔ سری رام چندر جی جب چودہ برس کا بن باس پورا کر کے اجودھیا واپس آئے تھے تو اجودھیا کے رہنے والوں نے گھی کے دیئے جلا کر ان کا استقبال کیا تھا۔

اسی واقعہ کی یاد میں دیوالی کا تہوار ہر سال بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔ سکھوں کے لیے بھی اس تہوار کی بڑی اہمیت ہے۔ کیونکہ چھٹے گرو ہرگوبند جی بھی اسی دن ساتھیوں سمیت گوالیار کے قلعے سے رہا کیے گئے تھے۔

دیوالی پر موسم کی تبدیلی بھی ہوتی ہے۔ برسات کا موسم ختم ہونے کے بعد سردی کا موسم شروع ہونے پر دیوالی کا تہوار منایا جاتا ہے۔ لوگ اپنے اپنے گھروں مکانوں اور دکانوں وغیرہ کی صفائی کرتے ہیں۔ سفیدی اور رنگ روغن کر کے انہیں سجاتے ہیں۔ اور اس طرح نئے موسم کا استقبال کرتے ہیں۔

بازاروں کی رونق اور سجاوٹ اس روز قابل دید ہوتی ہے۔ کھلونوں برتنوں اور مٹھائی کی دکانوں پر خاص طور پر بہت بھیڑ اور رونق ہوتی ہے۔ آتشبازی کا سامان خوب بکتا ہے رات کے وقت چاروطرف روشنیوں کا سیلاب سا آجاتا ہے۔ ایسے لگتا ہے جیسے ستارے زمین پر اتر آتے ہوں۔ رات کے وقت ہندو لکشمی کی پوجا کرتے ہیں۔ بہت سے بیوپاری لوگ اس دن سے کاروباری سال کا آغاز بھی کرتے ہیں۔ ان سب باتوں کے ساتھ ساتھ دیوالی کی رات جوا بھی بہت کھیلا جاتا ہے۔ جواری تو جواری عام لوگ بھی اس دن پیچھے نہیں رہتے

(۴۲)

درخواستیں

درخواست برائے ضروری کام

۱۔اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام گھر پر ضروری کام کیلئے درخواست تحریر کرو۔

بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر صاحب/محترمہ ہیڈ مسٹریس صاحبہ،۔۔۔۔۔۔۔۔۔سکول، مالیر کوٹلہ۔

جناب عالی/محترمہ !

سلام مسنون!

گزارش ہے کہ مجھے آج گھر پر ایک بہت ضروری کام ہو گیا ہے۔جس کی وجہ سے میں آج سکول میں حاضر نہیں ہو سکتا/ ہو سکتی۔مہربانی مرما کر مجھے ایک یوم/ دو یوم کی چھٹی دی جائے۔ نوازش ہو گی۔

عریضہ نگار/ العارض

نام۔۔۔۔۔۔۔۔

جماعت۔۔۔۔۔۔

مورخہ/ تاریخ۔۔۔۔۔ رول نمبر۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆

درخواست برائے بیماری

۔اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام بیماری کی چھٹی کیلئے درخواست تحریر کرو۔

بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر صاحب/محترمہ ہیڈ مسٹریس صاحبہ،۔۔۔۔۔۔۔۔۔سکول، مالیر کوٹلہ۔

جناب عالی/محترمہ !

سلام مسنون!

گزارش ہے کہ مجھے آج بہت تیز بخار ہو گیا ہے۔جس کی وجہ سے میں آج سکول میں

حاضر ہونے سے قاصر ہوں۔ مہربانی فرما کر مجھے ایک دن کی چھٹی دی جائے۔
نوازش ہوگی۔

عریضہ نگار/ العارض
نام۔۔۔۔۔۔۔۔
جماعت۔۔۔۔۔۔
مورخہ/تاریخ۔۔۔۔۔ رول نمبر۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆

درخواست برائے شادی

۳۔ اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب/محترمہ ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام بڑے بھائی کی شادی میں شامل ہونے کے لئے ایک/ دو یوم درخواست تحریر کرو۔

بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر صاحب/محترمہ ہیڈ مسٹریس صاحبہ،۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سکول، مالیر کوٹلہ۔

جناب عالی/محترمہ !

سلام مسنون!

گزارش ہے کہ میرے بڑے بھائی/ بڑی بہن کی شادی ہے۔ جس کی وجہ سے میں آج سکول میں حاضر نہیں ہو سکتا/ ہو سکتی۔ مہربانی مرما کر مجھے ایک یوم/ دو یوم کی چھٹی دی جائے۔
نوازش ہوگی۔

عریضہ نگار/ العارض
نام۔۔۔۔۔۔۔۔
جماعت۔۔۔۔۔۔
مورخہ/تاریخ۔۔۔۔۔ رول نمبر۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆

درخواست برائے فیس معافی

۴۔ اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب/محترمہ ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام فیس معافی کیلئے درخواست لکھو۔

بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر صاحب/محترمہ ہیڈ مسٹریس صاحبہ،۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سکول، مالیر کوٹلہ۔

M. Aleem

(۶۷)

جناب عالی/محترمہ !

سلام مسنون!

گزارش ہے کہ میں آپ کے سکول کا۔۔۔۔۔۔ جماعت کا طالب علم ہوں۔ میرے والد صاحب نہایت غریب ہیں۔ اس لئے محنت مزدوری کر کے گھر کا خرچ بڑی مشکل سے چلاتے ہیں۔ مستقل آمدنی کی کوئی صورت نہیں۔ میرے والد صاحب میری پڑھائی کا خرچہ برداشت کرنے سے قاصر ہیں۔ مجھے تعلیم کا بے حد شوق ہے۔ میں ہر سال اپنی کلاس میں اوّل پوزیشن حاصل کرتا ہوں۔ مؤدبانہ التماس ہے کہ میری پوری فیس معاف فرمائیں تاکہ میں اپنی تعلیم آسانی سے جاری رکھ سکوں۔ میں آپ کا شکر گذار ہوں گا۔

نوازش ہوگی۔

عریضہ نگار/ العارض

نام۔۔۔۔۔۔۔۔

جماعت۔۔۔۔۔۔

مورخہ/تاریخ۔۔۔۔۔ رول نمبر۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆

درخواست برائے سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ لینے کے لئے

۵۔ اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب/محترمہ ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ لینے کے لئے کیلئے درخواست لکھو۔

بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر صاحب/محترمہ ہیڈ مسٹریس صاحبہ،۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سکول، مالیر کوٹلہ۔

جناب عالی/محترمہ !

سلام مسنون!

گزارش ہے کہ میں آپ کے سکول کا۔۔۔۔۔۔ جماعت کا طالب علم ہوں۔ عرض یہ ہے کہ میرے والد صاحب کا تبادلہ مالیر کوٹلہ سے لدھیانہ ہو گیا ہے۔ اس لئے اب میں آپ کے سکول میں تعلیم جاری نہیں رکھ سکتا۔ براہ کرم مجھے سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ دیا جائے۔ تاکہ میں لدھیانہ کے کسی سکول میں داخلہ لے سکوں اور اپنی پڑھائی کو جاری رکھ سکوں۔

M. Ali

نوازش ہوگی۔

عرضی نگار/ العارض

نام۔۔۔۔۔۔۔۔

جماعت۔۔۔۔۔۔

مورخہ/تاریخ۔۔۔۔۔ رول نمبر۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆☆

درخواست برائے جرمانہ معافی

۶۔اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب/محترمہ ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام جرمانہ معافی کے لئے درخواست لکھو۔

بخدمت جناب ہیڈ ماسٹر صاحب/محترمہ ہیڈ مسٹریس صاحبہ،۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سکول، مالیر کوٹلہ۔

جناب عالی/محترمہ !

سلام مسنون!

گزارش ہے کہ تاریخ 16 ،فروری ۲۰۰۹ء کو ہمارے اردو کے اُستاد صاحب نے ہمارا ق اُردو کا ٹیسٹ لیا تھا۔لیکن اُس دن مجھے سخت بخار تھا۔جس کی وجہ سے میں ٹیسٹ نہ دے سکا ۔استاد محترم نے ٹیسٹ نہ دینے پر مجھے دس روپے جرمانہ کر دیا ہے۔میرے والد صاحب ایک غریب آدمی ہیں جو کہ میرا جرمانہ نہیں دے سکتے۔مہربانی فرما کر میرا جرمانہ معاف کیا جائے۔

نوازش ہوگی۔

عرضی نگار/ العارض

نام۔۔۔۔۔۔۔۔

جماعت۔۔۔۔۔۔

مورخہ/تاریخ۔۔۔۔۔ رول نمبر۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆

M. Amin

۷۔ محلّہ میں گندا پانی جمع ہونے کے بارے میں میونسپل کونسل کے ایگزیکٹیو آفیسر کے نام درخواست لکھو۔

بخدمت جناب ایگزیکٹیو آفیسر میونسپل کمیٹی۔۔۔۔۔شہر

جناب عالی

مئودبانہ التماس ہے کہ ہمارے محلّہ۔۔۔۔۔میں گندے پانی کے نکاس کا کوئی انتظام نہیں ہے۔ گلیوں میں پانی جمع ہوتا رہتا ہے۔ اور لوگوں کو آمد و رفت میں تکلیف ہوتی ہے۔ کوئی گلی ایسی نہیں۔ جہاں گندہ پانی جمع نہ ہو۔ اور اُس پر مچھروں کی کثرت نہ ہو۔ اسی وجہ سے اس علاقے کے بہت سے لوگ موسمی بخار میں مبتلا ہیں۔ لہٰذا آپ سے گزارش ہے کہ جتنی جلدی ہو سکے پانی کے نکاس کا انتظام کر دیا جائے۔ تا کہ لوگوں کو آمد و رفت میں تکلیف نہ ہو۔ اور اُن کی صحت پر بھی بُرا اثر نہ پڑے۔

فقط

مورخہ: ۲۰ر جولائی ۲۰۱۱ء

عریضہ نگار

M. Afzal
Ali